INSERT SCHOOL LETTERHEAD

والدین / سرپرست اطلاعی خط

عزیزی والدین یا سرپرست:

HIV اورAIDS صحت کے انتہائی سنگین مسائل میں سے ایک ہے جس سے امریکیوں کو سامنا کرنا پڑا ہے۔ طب میں ترقی کے باعث اب HIV سے (متاثر) لوگ لمبی اور تندرست زندگی جیتے ہیں، لیکن ابھی تک اس کا علاج دریافت نہیں ہوا ہے۔ صحتیاتی تعلیم طلبا کو صحتمند انتخابات کرنے اور اپنے آپ کو اور دوسروں کو محفوظ رکھنے میں بہتر انتخابات کرنے میں مدد کرنے کے لیے ایک انتہائی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

نیویارک ریاست محکمئہ تعلیم اور نیویارک شہر پبلک اسکولز مطالبہ کرتے ہیں کہ HIV کی تعلیم صحت کی جامع تعلیم کے ایک جز کے طور پر کنڈرگارٹن سے 12 گریڈ تک کے تمام طلبا کو سالانہ فراہم کی جائے۔ اس سال، آپ کے بچے کو **نشو ونما پانا اور محفوظ رہنا** کہلائے جانے والے ایک نئے نصاب کی تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملے گا جو طبی طور پر بالکل درست ہے، مشمولی ہے، عمر کی مناسبت سے ہے اور اسے قومی ماہرین، مقامی برادری کے قائدین، والدین / نگہداشت فراہم کنندگان اور معلمین کے ساتھ ملکر تشکیل دیا گیا ہے۔ ہر گریڈ سطح پر یہ موضوعات شامل کیے جائیں گے:

- مڈل اسکول میں طلبا سیکھتے ہیں کہ HIV کس طرح مدافعتی نظام پر اثر انداز ہوتی ہے، صحت مند تعلقات کی خصوصیات، اور والدین / سرپرستوں یا نگہداشت فراہم کنندگان کے ساتھ ابلاغ کی اہمیت۔
- ہائی اسکول میں طلبا یہ سیکھتے ہیں کہ ایسے طرزِ عمل سے کیسے بچا جائے جو انہیں HIV، جنسی طور پر منتقل کردہ انفیکشنز (STIs) اور ناخواستہ حمل کے خطرے سے دوچار کرتے ہیں۔

ہم آپ کے بطور والدین / سرپرست کے اپنے بچے کو آپ کے خاندان کے عقائد اور اقدار کی اعانت کرنے والی صحتمند طرزعمل کی تعلیم دینے کے کردار کا احترام کرتے ہیں۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کے ساتھ جو کچھ انہوں نے اسکول میں سیکھا اس کے بارے میں اور اپنے عقائد اور اقدار کے بارے میں بات چیت کریں۔

آپکو یہ حق حاصل ہے کہ آپ اپنے بچے کو مخصوص اسباق سے مستثنٰی کروالیں جو HIV سے بچاؤ کے طریقے بیان کرتے ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کے بچے کو استثنٰی کردیا جائے، آپ کے لیے لازمی ہے کہ آپ مجھے ایک خط لکھیں جس میں بیان کیا جائے کہ:

- آپ کے بچے کو HIV سے بچاؤ کے طریقوں کے اسباق کے دوران کلاس روم میں نہیں ہونا چاہیئے؛ اور
- آپ اپنے بچے کو HIV سے بچاؤ کے بارے میں گھر پر بتائیں گے۔

والدین، سرپرست اور اسکول ایک مشترکہ ہدف رکھتے ہیں: ہم چاہتے ہیں کہ ہر عمر کے طلبا اپنی زندگیوں کے ہر پہلو میں صحتمند رہیں۔ ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ اگر آپ اس نصاب کے بارے میں مزید جاننا چاہتے ہیں تو اپنے بچے کے استاد، والدین رابطہ کار یا مجھ سے رابطہ کریں۔ اسباق کے بارے میں مزید جاننے کے لیے براہِ کرم منسلکہ گریڈ سطح کے مجموعی جائزے (جائزوں) پر بھی نظر ثانی کریں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو براہِ کرم مجھ سے INSERT PHONE NUMBER پر رابطہ کریں۔

بخلوص،

INSERT PRINCIPAL NAME

پرنسپل